ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون:۔ 02199212639

ایس ایس پی حسیب بیگ کی نماز جنازہ ادا کردی گئی۔

آئی جی سندھ سمیت دیگر سینئر پولیس افسران کی شرکت۔

کراچی 04دسمبر 2018ء:۔

گزشتہ شب حرکت قلب بند ہوجانیکے باعث وفات پانیوالے سندھ پولیس کے آفیسر ایس ایس پی حسیب بیگ کی نماز جنازہ پولیس ہیڈکوارٹرز گارڈن ساؤتھ میں ادا کردی گئی۔

نماز جنازہ میں آئی جی سندھ ڈاکٹر سید کلیم امام کے علاوہ دیگر سینئر پولیس افسران،فیلڈ افسران اور جوانوں سمیت میڈیا گروپس کے نمائندگان،مرحوم کے اہل خانہ،دوست احباب اور اہلیان علاقہ نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔

آئی جی سندھ نے جنازے میں شریک مرحوم کے اہل خانہ سے دکھ،افسوس اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی سندھ پولیس کیلئے خدمات کو سراہا اور خراج عقیدت پیش کیا۔

بعداذاں مرحوم ایس ایس پی کی تدفین ڈی ایچ اے فیز VII میں واقع قبرستان میں کی گئی۔

:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔